Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 11 اگست 2025ء، 16 صفر المظفر 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 136

لاہور کی پہلی ٹورزم شاہراہ "واہگہ بیرئیر پیدل کوریڈور" کی تعمیر مکمل

قائداعظم ایونیو سے واہگہ بارڈر (زیرو پوائنٹ) تک، تعمیراتی کام تیزی سے جاری، 13 کلومیٹر طویل اس منصوبے پر اب تک 28 کروڑ 50 لاکھ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں، دورویہ ٹورزم شاہراہ 68 فٹ چوڑی ہے

جس کے دونوں اطراف 20 فٹ چوڑی سروس روڈ بھی تعمیر کی جا رہی ہیں، 22 کلومیٹر سے زائد طویل آر سی سی ڈرینج سسٹم، 10 کلومیٹر آرائشی دیوار کی تعمیر کے علاوہ جدید سولر سٹریٹ لائٹس بھی نصب کی جا رہی ہیں

ٹریفک میں روانی کے ساتھ ساتھ منصوبے کی تکمیل سے واہگہ بارڈر پر پریڈ دیکھنے کیلئے آنیوالے ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو بھی عالمی معیار کی سفری سہولتیں فراہم ہوں گی

اسلام آباد: بلوچستان کے قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ اور اگلی نسل سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ جناب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور کی پہلی ٹورزم شاہراہ "واہگہ بیرئیر چیک کوریڈور" کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے۔ قائداعظم ایونیو سے واہگہ بارڈر (زیرو پوائنٹ) تک تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے 13۔ کلومیٹر طویل اس منصوبے پر اب تک 28 کروڑ 50 لاکھ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔ لاکھوں شہریوں کو بہترین سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے سڑک (بقیہ نمبر 1)

قوم 79 واں یوم آزادی تاریخی انداز میں منائے گی، مریم اور نگزیب

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف معرکہ حق پارک اور میوزیم کی تقاب کشائی کریں گی

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب میں ڈویژن، ضلع اور تحصیل کی سطح پر 79 ویں یوم آزادی کی تیاریاں قومی جوش و جذبے سے جاری ہیں، جشن آزادی کی تقاریب کو نئی شکل دے دی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 4)

14 اگست کو وزیراعلیٰ مریم نواز معرکہ حق پارک اور میوزیم کی تقاب کشائی کریں گی، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جشن آزادی منانے کی ہدایت کی ہے، (بقیہ نمبر 4)

عوام ایکسپریس کی 3 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں

جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے پشاور کے لیے جا رہی تھی کہ سبوزئی سٹیشن کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکا ہو گیا

کوئٹہ: ژوب یا رخان (این این آئی) مستونگ میں جعفر ایکسپریس کی 6 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں جس سے ریلوے ٹریفک معطل ہو گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے اتر گئیں جس سے ریلوے ٹریفک معطل ہو گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ جعفر ایکسپریس کوئٹہ (بقیہ نمبر 7)

سائبر حملوں میں کاروباری نظام جام ہونے کا خطرہ

ڈی جی نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے 39 وزارتوں اور اداروں کو خبردار کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی اہم وزارتوں اور محکموں پر سائبر حملوں کا خطرہ ہونے اور حساس معلومات لیک ہونے کے خطرے سے متنبہ کر دیا گیا۔ محکمہ سائبر حملوں میں ڈیٹا کے مستقل نقصان، کاروباری نظام جام ہونے اور حساس معلومات لیک ہونے کے خطرے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ڈی جی نیشنل سائبر ایمرجنسی (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ایئرپورٹ 8 دن بند رہنے کی خبر درست نہیں

خصوصی دنوں اور اوقات میں صرف 2، دو گھنٹے کے لیے پروازوں کی آمد اور روانگی معطل رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان ایئرپورٹ اتھارٹی نے کہا خبریں درست نہیں۔ ترجمان ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق ہے کہ اسلام آباد ایئرپورٹ 8 دن کے لیے بند رہنے سے متعلق خصوصی دنوں اور اوقات میں (بقیہ نمبر 5)

کراچی: ایچ بی ایل بینکر و فنانس بینک اور سپارکو کے درمیان راہی کے نظام میں سیٹلائٹ پر مبنی درستی تجویزات کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

باہمی تعاون سے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا جاری رکھا جائے گا، فیلڈ مارشل عاصم منیر

دورہ امریکا، اہم ملاقاتیں



اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں، باہمی تعاون سے مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا جاری رکھا جائے گا، فیلڈ مارشل عاصم منیر

ٹیمپا میں امریکی سینٹ کام کے کمانڈر جنرل مائیکل کوریلا کی ریٹائرمنٹ تقریب میں شرکت، کمانڈ تبدیلی کی تقریب میں بھی شریک ہوئے

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا امریکی سینٹ کام کے کمانڈر جنرل مائیکل کوریلا استقبال کر رہے ہیں

واشنگٹن: راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امریکا کے دورے کے دوران اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکا کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے (بقیہ نمبر 6)

ملک کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار قابل تحسین ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

آئین پاکستان ملک میں بسنے والی اقلیتوں کو مساوی حقوق اور مکمل مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے

قومی معاملات میں اقلیتوں کی شمولیت ہماری جمہوری روایت کا روشن پہلو ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں نے ہمیشہ قیام پاکستان میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی معاملات میں اقلیتوں کی شمولیت ہماری جمہوری روایت کا روشن پہلو ہے

ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر کیا جو ہر سال 11 اگست کو منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ 11 اگست کا دن ہمیں (بقیہ نمبر 3)

سی ڈی اے اور ایم سی آئی کا اسلام آباد میں سائیکلنگ مقابلہ کا انعقاد

سائیکلنگ دیرمف جسمانی صحت کیلئے فائدہ مند ہے، بلکہ ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے، آلودگی میں کمی اور غیر موٹرائزڈ ٹرانسپورٹ کے فروغ میں بھی مددگار ہے

یہ صحت مند پائیدار اور جدید وفاقی دارالحکومت کی تعمیر کے لیے ناگزیر ہے، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر سی ڈی اے کے سپورٹس ڈائریکٹوریٹ، ڈی ایم ای اسی آئی کے اشتراک سے آج اسلام آباد میں ایک شاہراہ پر سائیکلنگ مقابلہ کا انعقاد کیا، جس میں مقصد صحت مند طرز زندگی اور صاف و سرسبز دارالحکومت کے مکینوں کو فروغ دینا تھا۔ اس مقابلے میں پیشہ ور سائیکلسٹس، شوقیہ سائیکل سواروں اور ہر عمر کے شہریوں نے بھرپور شرکت کی، جو سائیکلنگ کو بطور تفریح اور صاحل دوست سفری ذریعہ اپنانے میں بڑھتی عوامی دلچسپی کی عکاسی کرتا (بقیہ نمبر 2)

پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا، ڈی آئی جی نے پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے سینئر پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید میاں عامر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 10)

سی ڈی اے کے سپورٹس ڈائریکٹوریٹ، ڈی ایم ای اسی آئی کے اشتراک سے سے منعقد سائیکل مقابلہ میں شریک اسٹیلس کے ساتھ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا گروپ فوٹو

شاہکار پروجیکٹ پوٹھوہار میڈیکل کمپلیکس کی شاندار افتتاحی تقریب

ہمارا مقصد پیسہ کمانا نہیں ہمارا دل ہمارے عوام اور دھڑکتا ہے لوگوں کا راستے میں دم توڑنا ہمارے لیے کرب کا باعث تھا، ڈاکٹر ذیشان

اپنے لوگوں کی محرومیوں کو مدنظر رکھ کر کچھ کرنے کا ارادہ کیا تھا میں اس قابل نہیں تھا جس قابل اللہ نے مجھے بنایا چوہدری اعظم پرویز

گوجر خان (قمر شہزاد) سابق امید وار برائے ایم پی اے چوہدری اعظم پرویز اور ان کے بیٹے جنرل سرجن ڈاکٹر ذیشان کے دیرینہ خواب پوٹھوہار میڈیکل کمپلیکس کا شاندار افتتاح بدست سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف ہوا افتتاحی تقریب میں سیاسی سماجی کاروباری و دیگر حضرات صحافیوں سمیت ایم ایس او ٹی ایچ کیو کیڈٹ ڈاکٹر ذوالوداد و دیگر ماتحت افسر گلزر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی عوام کو تعداد نے افتتاحی پروگرام کو جلسے کے پنڈال میں تبدیل کر دیا تقریب کے مہمان خصوصی سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف راجہ جاوید اشرف راجہ جرم پرویز، قاسم شوکت محمود ڈاکٹر محمد نعیم خالد چوہدری بیرم سلطان اور سائیں محمد مظفر تھے چوہدری اعظم پرویز ڈاکٹر ذیشان سمیت مہمانان (بقیہ نمبر 7)

سیکرٹری برائے کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ شہر کے مختلف مقامات پر سہولت آن دی گو بازاروں کے غیر قانونی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

آزادی خون کے نذرانوں سے حاصل ہوئی،، بلال گجر

14 اگست صرف جشن کا دن نہیں بلکہ قربانی، اتحاد اور محنت کی یاد دہانی ہے

شاکوٹ (میاں داؤد) سماجی رہنما بلال گجر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 14 اگست صرف جشن کا دن نہیں بلکہ قربانی، اتحاد اور محنت کی یاد دہانی ہے۔ یہ دن ہمیں (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال لاشین اور سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری حضرت پیر کی دربار کے غسل مبارک کی تقریب میں دعا کر رہے ہیں

پاکستان میں ٹیلنٹ اور صلاحیت کی کوئی کمی نہیں، گورنر سندھ

پاک بھارت جنگ میں ہم نے دنیا کو بتا دیا پاکستان کسی سے کم نہیں، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیلنٹ اور صلاحیت کی کوئی کمی نہیں۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے (بقیہ نمبر 4)

14 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معاہبونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جاری کارروائیوں کے دوران 14 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معاہبونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے کارروائیاں کرتے ہوئے 14 افراد کو حراست میں لے کر 15 لیٹر شراب اور اسلحہ معاہبونیشن برآمد کر لیا۔ (بقیہ نمبر 3)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی جرائم کی تفتیش کے حوالے سے میٹنگ

پولیسنگ کو بہتر بنانے کیلئے روایتی تفتیش کیساتھ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی مدنظر رکھنے کی ہدایت

گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کرنے، افسران کو اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں نبھانے کی ہدایت جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد حسان طارق بٹ نے سنگین جرائم کے زیر تفتیش مقدمات کے حوالے سے پولیس افسران کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 3 کلو 230 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 2 کلو (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی: آرڈی اے کی جانب سے جشن آزادی کے حوالے سے لگائے جانیوالے قومی پرچم کے بینرز

پانچ لاکھ سے زائد نوجوانوں نے وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں رجسٹریشن کرالی

ایک ہزار سے زیادہ ملکی اور غیر ملکی کمپنیاں بھی ڈیجیٹل یوتھ ہب میں شامل ہو چکی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں صرف دو ماہ میں پانچ لاکھ سے زیادہ نوجوان رجسٹر ہو چکے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ قابل ڈاکٹر کامیابی ڈیجیٹل مہارتوں اور مواقع کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت کے عزم (بقیہ نمبر 8)

انفورسمنٹ انسپکٹر کو زخمی کرنے والے ملزمان گرفتار نہ ہو سکے

شاہین فیڈریشن گوجر خان کے عہدیداران و بلدیہ اہلکاروں کی ہڑتال کی دھمکی

گوجر خان (قمر شہزاد) تجاوزات آپریشن کے دوران انفورسمنٹ انسپکٹر چانڈیو اور اہلکار پر حملہ کر کے زخمی کرنے والے ملزمان تا حال گرفتار نہ ہو سکے حملہ آور (بقیہ نمبر 9)

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی صدر فریال تالپور کو مرکے کی سعادت حاصل کرنے پر پیپلز پارٹی سندھ کے صدر رشاد گھوڑو، وقار مہدی اور اجاز دھامرا و گلفت نے پیش کر رہے ہیں

سالانہ 45 لاکھ ٹن زائد کھلا خوردنی تیل فروخت ہونے کا انکشاف

پاکستان دنیا میں خوردنی تیل کا آٹھواں سب سے بڑا صارف ہے، جہاں فی کس سالانہ کھپت 22 کلوگرام ہے

کھلا تیل بغیر مناسب پیکنگ لیبلنگ کے بڑی مقدار میں فروخت، دل کے امراض، فالج اور دمائی امراض کا سبب بن سکتا ہے ماہرین

لاہور (این این آئی) پاکستان میں ہر سال استعمال ہونے والے خوردنی تیل کا تقریباً 30 فیصد یعنی 45 لاکھ ٹن سے زائد بغیر برانڈ کا کھلا تیل ہوتا ہے جو زیادہ تر شہر شہری اور دیہی علاقوں میں دستیاب ہے جس سے لاکھوں لوگ سنگین صحت کے خطرات سے دوچار ہو رہے ہیں۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ کھلا تیل عام طور پر بغیر مناسب پیکنگ یا لیبلنگ کے بڑی مقدار میں فروخت ہوتا ہے اور اس میں اکثر معیار کیمیکلز، آلودگیاں اور حیاتیاتی جراثیم شامل ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ سنگین بیماریوں، جیسے دل کے امراض، فالج اور (بقیہ نمبر 5)

غزہ میں خوراک کے متلاشی 40 افراد سمیت مزید 47 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج کے حملوں میں شہادتوں کی مجموعی تعداد 61 ہزار 369 ہو گئی

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملے بدستور جاری ہیں۔ قابض فوج نے مختلف علاقوں پر حملے کر کے صبح سے اب تک مزید 47 فلسطینیوں کو شہید (بقیہ نمبر 7)

شدید گرمی بجلی کی طویل بندش سے شہریوں کا برا حال

بار بار ٹرپنگ سے لوگوں کے گھروں اور دکانوں میں برقی آلات جلنے لگے

عوامی منتخب نمائندگان نے شہریوں کے درپیش مسائل پس پشت ڈال دیئے ہیں

واپڈا حکام سختی سے نوٹس لیں ورنہ احتجاج کریں گے، شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) شدید حبس اور گرمی دوسری جانب جگہ جگہ واپڈا، گیس اور دوسرا پانی کا ہوں کے گوجر خان شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی بجلی کی غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ کا وجہ شہری ڈپریشن کے مریض بن گئے بغیر بجلی اور بغیر پرمٹ کے گوجر خان شہر سیت گھروں (بقیہ نمبر 8)

نیاری: گورنر سندھ کامران ٹیسوری حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پی ٹی اے کا سائبر فراڈ کیخلاف بڑا ایکشن، 13 ہزار یو آر ایل

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے) نے دھوکہ دہی کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 13 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کر دیے۔ الیکٹرانک فراڈ سے متعلق 13 ہزار 185 یو آر ایل بلاک کے لیے پراسس کیے گئے۔ (بقیہ نمبر 26)

تعلقی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف گاؤں والوں کا احتجاج

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: یونی ضیر میں تعلقی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف گاؤں والوں کا احتجاج، نعرے بازی یونی ضیر کندھ کوٹ میں تعلقی کونسلر ممتاز دہانی کے خلاف مقامی لوگوں نے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے الزام لگایا کہ ممتاز دہانی (بقیہ نمبر 29)

ڈھوک باغ میں گھریلو رنجش پر 43 سالہ ظفر حسین قتل ملزم ساجد فرار

چنڈ ادخان (سرفراز عباس) قلعہ جلالپور شریف کے نواحی علاقے ڈھوک باغ میں گھریلو رنجش کے باعث ایک المناک واقعہ پیش آیا، جس میں 43 سالہ ظفر حسین ولد غلام حسین کو ساجد نامی شخص نے چھریوں کے پے در پے وار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق مقتول کو شدید زخمی (بقیہ نمبر 30)

کشمور پولیس اور رینجرز کا آپریشن، دوسری بڑی کامیابی مل گئی

مفرور اکبر پٹھان بحفاظت بازیاب، فیصلہ کن کارروائی جاری

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس اور رینجرز کا آپریشن دوسری بڑی کامیابی مل گئی مفرور اکبر پٹھان بحفاظت بازیاب، کشمور پولیس اور رینجرز کا مشترکہ کامیاب آپریشن، کارروائی میں ایک اور شاہکار کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک اور مفرور کو بحفاظت بازیاب کرا لیا تفصیلات کے مطابق، مورخہ 19 جولائی 2025ء کو قاتلہ (بقیہ نمبر 14)

کھیکیدار لوئر مسوٹ روڈ کا کام ادھورا چھوڑ کر غائب

کروڑوں کا منصوبہ تاخیر اور ناقص میٹریل کے باعث کھٹائی میں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مری کے گاؤں لوئر مسوٹ میں نون روڈ کا پلستر کے کام ٹھیکیدار لاہور اور اجاز چھوڑ کر چلا گیا، کروڑوں روپے مالیت کا منصوبہ تاخیر اور ناقص میٹریل کے باعث کھٹائی میں پڑ گیا۔ کئی ماہ گزرنے کے باوجود دو سے اڑھائی کلومیٹر سڑک (بقیہ نمبر 20)

کندھ کوٹ میں انٹرنیٹ سروسز بند، عوام شدید پریشان

نادرا صرف "کھڑکیوں کی مانند" کھڑے ہیں، انٹرنیٹ سروسز مفلوج ہو چکی ہیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں انٹرنیٹ سروسز مکمل طور پر مفلوج ہو چکی ہیں، جس کے باعث شہریوں، طلباء، تاجروں اور دیگر انٹرنیٹ (بقیہ نمبر 21)

ڈمپر نے بہن بھائی کو کچل ڈالا، زخمی مشتعل شہریوں نے 7 ڈمپر جلا دیئے

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث 10 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا

حادثے میں جاں بحق ہونے والے ماں باپ کا اکلوتے بیٹے تھے، مگر قسمت نے اس کے ہاتھوں میں مہندی کی بجائے کفن تھما دیا

حادثہ فیکٹری کلر سے ہوا اور مشتعل افراد نے ڈمپر کو آگ لگا دی، ان کی 7 گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا، ایم ایس او ایشن

سندھ حکومت شہریوں کی جان سے کھیلنے والے ڈمپر مافیا کو لگام دے، ڈمپر حادثے میں ذخمی شہری کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کو ہوں، گورنر سندھ

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نجیب بلدیہ ٹاؤن نمائندہ کے ہمراہ گلشن جناح پارک بوہی 4 اور گلی 3 ٹاؤن میں پودا لگانے کے بعد پودے سا بت پیشت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ABC WWW.
خاکہ اتصال: نیلہ انٹرسیکشن، بیکایہ کیفے، فیصل چوک

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجلی کے پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 200 سے بڑھا کر 300 کرنے پر غور

بجلی کے صارفین کیلئے یہ ایک اچھی خبر ہے کہ وزیراعظم نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بجلی کے پروٹیکٹڈ صارفین کی حد 200 سے بڑھا کر 300 یونٹ کرنے کی تجویز اسلام آباد میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں دی۔ اس سلسلہ میں اعلیٰ سطحی کمیٹی نیپرا سلیب ریٹ میں تبدیلی کے حوالے سے جائزہ لے گی۔ اس طرح کم از کم بجلی صارفین کو ریلیف ملنے کی امید ہے جو 201 یونٹ ہونے پر اضافی ریٹ ادا کرتے تھے جبکہ پروٹیکٹڈ صارفین کو اس کیٹگری سے نکلنے کے بعد پانچ ہزار روپے چھ ماہ تک اضافی دینا پڑتے تھے۔ یہ اضافی بوجھ صارف کیلئے ناقابل برداشت ہے۔ یہ سراسر عوام کے ساتھ زیادتی اور انکی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ اب وزیراعظم کی تجویز پر دیکھنا یہ ہے کہ نیپرا سلیب ریٹ کے حوالے سے قائم کمیٹی کیا فیصلہ کرتی ہے جبکہ عوام سے اس مد میں جو اضافی رقم اب تک وصول کی گئی ہے' اس کی واپسی کی بھی کوئی راہ نکالنا ہوگی تاکہ انہیں بھی ریلیف کا احساس ہو۔ دوسری طرف مہنگائی میں پھر اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے' خاص طور پر کچن آئٹم اور موسم کے حساب سے اشیاء ضرورت میں منافع خور مافیا جس من مانی سے اضافہ کر دیتا ہے' اس سے چینی' آٹا' چاول اور روزمرہ کی استعمال میں آنے والی اشیاء' لہسن' پیاز' ٹماٹر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ چینی کہیں بھی حکومتی ریٹ پر دستیاب نہیں۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ مارکیٹ میں سرکاری ریٹ لسٹ پر کچھ بھی دستیاب نہیں۔ کچھ آئٹمز کی مہنگائی سے براہ راست عوام متاثر ہوتے ہیں اس لئے حکومت کم از کم اپنے مقررہ ریٹ پر انکی فراہمی یقینی بنائے تاکہ سبزیاں' پھل و دیگر اشیائے خورد و نوش عوام کی پہنچ سے دور نہ ہوں۔

"اے میرے ہم وطنو!"



تحریر: سیدہ زینب ایوب کاظمی، اسلام آباد

خوش قسمت ہیں وہ قومیں جو روئے زمین پر آزادی کی زندگی بسر رہی ہیں
آزادی ہزار نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے
بلکہ میں سمجھتی ہوں آزادی افضل ترین نعمتوں میں سے اک نعمت ہے۔

اللہ تعالیٰ کے وہی ہر نعمت ہی افضل ہر آزادی کے بارے میں اگر بات کی جائے تو اللہ رب العزت جو کہ بندوں کا خالق ہے اس نے بھی بندوں کو اپنا غلام نہیں بنایا اس نے انسان کو مکمل فرمایا اسے شعور عطا فرما کے اچھے اور برے رستے اس کے سامنے رکھ دیے اچھے راستے کے سامنے رب نے اپنے رضا رکھ دی اور برے رستے کے سامنے رب نے اپنی ناراضگی رکھ دی، اب خالق کی بنائی ہوئی مخلوق اچھے راستے پر چلے گی رب کی رضا یا کے جنتوں کے رب کی خفگی پا کر جہنم کا ایندھن بنے گی۔

یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسان آزاد ہے جتنا کہ اتنا آزاد ہے کہ وہ چاہے تو جہنم ڈالے چاہے تو جنت پالے۔

اس قدر انسان کو آزادی عطا کرنے کے باوجود رب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسان کے لیے کچھ حدود و قیود مقرر فرمادیں کہ کہیں انسان کی آزادی بے لگام نہ ہو جائے اور انسان، انسانیت کی قدروں پامال کرنے لگے۔

برصغیر میں جب مسلمانوں کی سلطنت متزلزل کا شکار ہوئی گورے حکمران ہوئے، جتنی دیر بھی گورے برصغیر میں بطور حکمران رہے مسلمانوں پر مکمل بالادیی نہ پا سکے اسی سلسلے کی ایک کڑی میں ایک گورے ریمرجہ نے اپنی حکومت کو یہ کلمہ کر دیا تھا مسلمان کو کبھی بھی آپ غلام نہیں بنا سکتے۔

اب کچھ باتیں حال کے آئینے میں،

بھارت نے پہلگام واقع کا الزام پاکستان پر لگاتے ہوئے پاکستان کے خلاف جنگ کا اعلان کر دیا، پاکستان کی حکومت اور فوجی قیادت نے کہا کہ جہاں بین کرائی جائے اگر مجرم پاکستان کے نکلے تو ان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی لیکن ثبوت پیش کیے جائیں اور عابت کیا جائے ثابت کرنے سے پہلے ہم پر بہتان نہ باندھا جائے۔

مگر بھارت اپنی بہتان بازی پر قائم رہا تھی کہ اس نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔

پاکستان نے تین دن تک جوابی کاروائی نہیں کی اور جب کی تو پھر چند ہی گھنٹوں میں ملح اپنے نام کھوا دی۔

پاکستان کے اس حملے میں بھارت کے جہاز بھی تباہ ہوئے۔

جس کا ثبوت نہ صرف پاکستان کے محافظوں بلکہ پوری دنیا نے بھی دیا۔

اتنے جنیوں بھی تو بھارت مکر تا رہا کہ ہمارے جہاز نہیں گرے ہمارا نقصان نہیں ہوا۔ بھی کہیں کہیں ناتا کہ ہاں جنگوں میں نقصان ہو جایا کرتا ہے لیکن ان کا ذکر نہیں کیا جاتا۔

اے میرے محترم قاری در اصل ہی بات یہ ہوئی کہ بھارت کے ایئر چیف نے کانفرنس کر کے کہا کہ ہم نے پاکستان کے پانچ جہاز گرائے

بھارت کے جھوٹ سن سن کر تو دماغ ہی سٹھیا چکا ہے کہ دنیا میں ایسے ایسے جھوٹے بھی پائے جاتے ہیں۔

ہم پاکستانیوں کا اپنی پاکستان کی فوج کو سلوٹ پیش کرنا تو بنتا ہے اس بات پر کہ ان کا مقابلہ کیسے کیسے بھوتوں کے ساتھ ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری فوج بہادروں میں بہادری کی اعلیٰ مثال رقم کرنے والی دیہین دیتین تو ہے ہی ہر محاذ پر بھی باکمال ہے۔

جو ہمیں کربلا کی یاد دلاتی ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ قومیں جو دنیا میں آزاد زندگی گزار رہی ہیں۔ آزادی ہزار نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہے، بلکہ یہ کہنا بجا ہوگا کہ یہ افضل ترین نعمتوں میں سے ہے۔

اللہ رب العزت نے بھی انسان کو آزاد پیدا کیا۔ اپنے بندوں کو مکمل شعور عطا فرمایا، اچھے اور برے راستے دکھائے، اور اختیار دیا کہ کون سا راستہ اپنا لیں۔ لیکن ساتھ ہی حدود و قیود مقرر فرمائیں تاکہ آزادی بے لگام نہ ہو اور انسان، انسانیت کی قدروں کو پامال نہ کرے۔

یہی اصول ایک ریاست پر بھی لاگو ہوتے ہیں آزادی ذمہ داری کے ساتھ ہی خوبصورت ہے۔ پاکستان کے قیام کے لیے لاکھوں لوگوں نے قربانیاں دیں۔ یہ جدوجہد صرف تقریروں یا جلسوں تک محدود نہ تھی۔ ہجرت کے دوران قافلوں پر حملے ہوئے، عورتوں نے اپنے بچے قربان کیے، نوجوانوں نے اپنے خون سے سرحدیں رنگین کیں، اور بوڑھے بزرگوں نے اپنی آخری سانس تک قافلوں کے ساتھ چل کر حوصلہ دیا۔ یہ سب کچھ اس لیے تھا کہ آنے والی نسلیں آزاد فضا میں سانس لے سکیں اور اپنے دین و تہذیب کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

قائدین کی حکمت عملی

1940ء کی قرارداد لاہور سے لے کر 14 اگست 1947ء تک ہر قدم سوچ سمجھ کر رکھا گیا۔ محمد علی جناح کی قیادت میں آل انڈیا مسلم لیگ نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک منزل کی طرف گامزن کیا۔ سیاسی بصیرت، اتحاد، اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کی بدولت ایک ایسا ملک دنیا کے نقشے پر ابھرا جس کی بنیاد نظریۂ پاکستان پر رکھی گئی یعنی ایک ایسا خطہ جہاں اسلام کے اصولوں کے مطابق فلاحی ریاست قائم کی جا سکے۔

آزادی کے بعد دفاع کی داستان

آزادی کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہم اپنے ملک کا دفاع کر سکیں۔ بھارت کے ساتھ تنگ جنگوں میں ہماری افواج نے نہ صرف بہادری بلکہ بصر وحکمت کی اعلیٰ مثالیں قائم کیں۔ ہمارے جوانوں نے دشمن کی سازشوں، جھوٹے پروپیگنڈے، اور جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ یقیناً جو کربلا سے صبر کا درس لیں وہ ہر حال میں وطن کا دفاع قائم رکھتے ہیں۔

اے میرے محترم قارئین! آزادی کسی ایک دن کی خوشی نہیں بلکہ ایک ذمہ داری ہے۔ یہ قربانیوں اور خون سے حاصل کی گئی امانت ہے۔ آج ہمارا فرض ہے کہ ہم اس وطن کو محبت، محنت، اور اتحاد سے مزید مضبوط بنائیں۔ ہم عہد کریں کہ وطن کے دفاع، ترقی، اور خوشحالی کے لیے ہم سب ایک ہیں۔

پاکستان زندہ باد!

افواج پاکستان زندہ باد۔

آپریشن بنیان مرصوص: ایمان اور خوف کی نئی تعریف

میڈیا وائی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

بھارت اور پاکستان کے درمیان فوجی کارروائیاں اکثر گہری تفریقی، قومی اور مذہبی اہمیت رکھتی ہیں۔ ایک ایسی ہی کارروائی، آپریشن بنیان مرصوص، جو حال ہی میں پاکستانی فوج نے کامیابی سے سرانجام دی، نے مبصرت اپنے فوجی مقاصد کے لیے بلکہ اس کے پیچھے کارفرما ایمان سے سرانجام دی۔ یہ آپریشن، جسے لوگ بھارتی جارحیت کا دفاعی جواب سمجھتے ہیں، محض ایک فوجی مصروفیت سے کہیں زیادہ تھا۔ پاکستانی مسلمانوں کے لیے یہ جہاد اور شہادت کا راستہ تھا۔

اس کے برعکس، بھارتی فوجی، اضطراب اور موت کے خوف کا تجربہ کرتے ہیں، خاص طور پر جب انہیں اپنے جوانوں کے مذہبی جوش کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص، جو بھارتی افواج کے پاکستان کی شہری آبادی پر حملوں کے بعد شروع کیا گیا تھا، پاکستانی مذہبی رہنماؤں اور فوجی کمانڈروں کی طرف سے دفاعی جہاد کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ جہادی یہ سمجھتے ہیں کہ شہادت کا آرزو مند ہونا مومن ہونے کی علامت ہے، جو اللہ کی راہ میں شہادت کو فائز کرتی ہے۔ اس آپریشن میں شامل افراد کے لیے، جنگ محض دشمن کو شکست دینے کے بارے میں نہیں تھی، بلکہ شہادت حاصل کرنے کے بارے میں تھی، جسے اسلام میں سب سے بڑا روحانی اعزاز سمجھا جاتا ہے۔

شہادت پاکستانی فوجی کے مذہبی شعور کا مرکز ہے، جسے سکھایا جاتا ہے کہ جہاد کی راہ میں موت آخرت میں ابدی انعامات کا دروازہ کھولتی ہے۔ سوشل میڈیا پر متعدد ویڈیوز گردش کر رہی ہیں، جن میں پاکستانی فوجی شہادت کی اپنی گہری خواہش اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے دکھائے گئے ہیں۔ ان کے لیے، موت کا خوف اکثر اعلیٰ مقصد اور روحانی جوش کے گہرے احساس سے بدل جاتا ہے۔ مسلمان کے نزدیک موت کو ایک انعام کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جو پاکستان کی ایک گہری عبودی روح کو اجاگر کرتا ہے۔ موت کا یہ تصور پاکستانی فوجیوں کے مقصد کے احساس کو مضبوط کرتا ہے، کیونکہ وہ جنگ میں اللہ کی خوشنودی کو اپنی حقیقی منزل کے طور پر دیکھتے ہیں۔

بھارت کی طرف سے تازہ کے نظریاتی طور پر قومی خودمختاری کے خلاف دیکھا گیا۔ بھارتی فوجی نظریہ ریاست، اس کے علاقے اور اس کے لوگوں کی حفاظت پر مرکوز ہے۔ بھارتی فوجیوں کو موت کا فطری خوف درپیش ہوتا ہے جو اس بات کے علم سے آتا ہے کہ ان کی قربانیوں کا کوئی روحانی یا مذہبی اجر نہیں ہے۔ جنگ میں موت کو ایک المناک نقصان سمجھا جاتا ہے بجائے اس کے کہ اسے ابدی زندگی کی طرف ایک عبوری مرحلہ الٰہی نعمت کا ذریعہ سمجھا جائے۔ ان دو نقطہ نظر کے درمیان واضح تفریقی فرق ایک ایسی صورتحال پیدا کرتا ہے جہاں مذہبی جذبہ اور قومی بقا ایک دوسرے کا تابع ہے۔

آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان اور پاکستانی فوج کی شاندار کامیابی اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے لیے ایک کھلا پیغام ہے۔ پاکستانی عوام اور مسلح افواج کے لیے ملک کا دفاع صرف ایک فریضہ نہیں ہے بلکہ یہ ایمان کا معاملہ ہے اور وہ اس عظیم مقصد کے لیے اپنی جانیں دینے سے بھی نہیں ڈرتے۔ ہمارے دشمنوں کو سچائی کو اچھی طرح ذہن نشین رکھنا چاہیے اور اسے غیر متزلزل ایمان والی قوم کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت شروع کرنے سے پہلے سو بار سوچنا چاہیے۔

یہ عقیدہ جنگ کے نفسیاتی نقطہ نظر کو ڈرامائی طور پر بدل دیتا ہے۔ ان نفسیات سے متاثر فوجی خوف یا بزدلی کا ہدف نہیں بلکہ عزت، فرض اور اپنے مذہبی مقصد سے عہد کے احساس سے کارفرما ہوتے ہیں۔

آپریشن بنیان مرصوص کے تناظر میں پیغام واضح تھا کہ جو جنگ میں مرتے ہیں انہیں مردہ کے طور پر نہیں بلکہ اپنے ایمان کے گواہ کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ پاکستانی مسلمانوں کے لیے یہ آپریشن اسلام سے اپنی وابستگی کو دوبارہ مضبوط کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا تھا۔ مذہبی فرض اور فوجی مصروفیت کے درمیان تعلق نمایاں نفسیاتی طاقت فراہم کرتا ہے جو موت کو ایک رکاوٹ سے ایک مقصد میں تبدیل کرتا ہے۔ اس تناظر میں شہادت کو نقصان کے بجائے ایک انعام کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ یہ نقطہ نظر زخمی والوں کو کفنا موت کے سامنے سکون اور قدلیت کا احساس فراہم کرتا ہے، کیونکہ وہ یقین رکھتے ہیں کہ ان کی قربانی ایک اعلیٰ اور نیک مقصد کی تکمیل کرتی ہے۔ دوسری طرف، بھارتی فوجیوں کو ایک مختلف نفسیاتی حقیقت کا سامنا تھا۔ انہیں ایک ایسے دشمن کا سامنا تھا جس کے محرکات روحانی اور مذہبی عقائد میں گہری جڑے ہوئے تھے۔ بھارتی فوج کے لیے جنگ بنیادی طور پر قومی دفاع اور علاقائی خودمختاری پر مرکوز ہے نہ کہ کوئی مذہبی یا روحانی مشن۔ یہ تضاد ایک منفرد تناؤ پیدا کرتا ہے، کیونکہ بھارتی فوجی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ان کے مخالفین ایمان، نظریے اور شہادت کے وعدے سے احترام سے کام لیتے ہیں، جو ان کے اپنے محرکات میں مرکزی کردار ادا نہیں کرتے۔

اس صورتحال میں بھارتی فوجیوں کے لیے موت کا خوف زیادہ نمایاں ہو سکتا ہے، خاص طور پر جب ایک ایسے دشمن کا سامنا ہو جو موت سے نہیں ڈرتا بلکہ اسے اپنے ایک مشن کا حصہ سمجھتا ہے۔ پاکستانی نقطہ نظر کے برعکس، جہاں شہادت کو ایک اعزاز کے طور پر سراہا جاتا ہے، بھارتی افواج موت کو ایک المناک اور بے قیمت واقعہ سمجھتی ہیں جسے ٹالنا چاہیے۔ ایک سیکولر فوجی تناظر میں، ایک اعلیٰ مقصد کے لیے مرنے کا تصور اتنا کمزور نہیں ہوتا جتنا مذہبی طور پر حوصلہ افزائی کرنے والی افواج میں ہوتا ہے۔ بھارتی فوجیوں کے لیے، ایک ایسے دشمن سے لڑنے کا نفسیاتی بوجھ موت کو مذہبی جوش کے آئینے سے دیکھتا ہے، غیر یقینی اور خوفزدگی کا ماحول پیدا کرتا ہے۔ موت کا یہ رخ بھارتی افواج کے لیے نفسیاتی نقصان کا باعث بھی بنتا ہے جب وہ ایک ایسے حریف کے ساتھ براہ راست لڑائی میں مشغول ہوتے ہیں جو صرف قومی فخر سے آگے بڑھ کر روحانی نجات کے لیے لڑ رہے ہیں۔

یہ تضاد جنگ میں عدم توازن کا باعث بنتا ہے، جہاں ایک طرف روحانی فتح کے احساس کا کارفرما ہے جبکہ دوسری طرف، قومی دفاع کے تئیں اپنی وابستگی کے باوجود، موت کے فخری خوف کا سامنا کرتی ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص کا ایک مرکزی پہلو پاکستانی افواج کے مذہبی جوش اور بھارتی افواج کی سیکولر قوم پرستی کے درمیان نظریاتی تصادم تھا۔ پاکستان کی فوج کے لیے، جہاد صرف ایک جغرافیائی سیاسی جدوجہد نہیں بلکہ ایک روحانی جدوجہد ہے۔ فوجی خود کو ایک مذہبی طور پر مقرر کردہ مشن کا حصہ سمجھتے ہیں اور اپنے اعمال کو اسلامی مزاحمت کے ایک بڑے پیمانے سے ہم آہنگ کرتے ہیں۔ شہادت کا تصور پاکستانی فوجیوں کے مقصد کے احساس کو مضبوط کرتا ہے، کیونکہ وہ جنگ میں اپنی شرکت کو اللہ کے تئیں حقیقت کا مکمل سمجھتے ہیں۔

بھارت کی طرف سے تازہ کے نظریاتی طور پر قومی خودمختاری کے خلاف دیکھا گیا۔ بھارتی فوجی نظریہ ریاست، اس کے علاقے اور اس کے لوگوں کی حفاظت پر مرکوز ہے۔ بھارتی فوجیوں کو موت کا فطری خوف درپیش ہوتا ہے جو اس بات کے علم سے آتا ہے کہ ان کی قربانیوں کا کوئی روحانی یا مذہبی اجر نہیں ہے۔ جنگ میں موت کو ایک المناک نقصان سمجھا جاتا ہے بجائے اس کے کہ اسے ابدی زندگی کی طرف ایک عبوری مرحلہ الٰہی نعمت کا ذریعہ سمجھا جائے۔ ان دو نقطہ نظر کے درمیان واضح تفریقی فرق ایک ایسی صورتحال پیدا کرتا ہے جہاں مذہبی جذبہ اور قومی بقا ایک دوسرے کا تابع ہے۔

آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان اور پاکستانی فوج کی شاندار کامیابی اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے لیے ایک کھلا پیغام ہے۔ پاکستانی عوام اور مسلح افواج کے لیے ملک کا دفاع صرف ایک فریضہ نہیں ہے بلکہ یہ ایمان کا معاملہ ہے اور وہ اس عظیم مقصد کے لیے اپنی جانیں دینے سے بھی نہیں ڈرتے۔ ہمارے دشمنوں کو سچائی کو اچھی طرح ذہن نشین رکھنا چاہیے اور اسے غیر متزلزل ایمان والی قوم کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت شروع کرنے سے پہلے سو بار سوچنا چاہیے۔

پاپ سنگر حدیقہ کیانی کی 51ویں سالگرہ 11 اگست کو منائی جائے گی

حدیقہ کیانی کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے بھی نوازا جاچکا ہے

خطہ صادق آباد (این این آئی) مالی شہرت یافتہ پاکستانی پاپ سنگر حدیقہ کیانی کی 51ویں سالگرہ گیارہ اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے سالگرہ تقاریب منعقد ہوں گی اور ان کی درازی عمر کیلئے دعائیں مانگی جائیں گی۔ حدیقہ کیانی اردو، پشتو اور پنجابی کی معروف گلوکارہ ہیں وہ گیارہ اگست 1974ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئیں۔ بطور گلوکارہ حدیقہ کیانی کا پہلا البم 1995ء میں ریلیز ہوا۔ حدیقہ کیانی کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے بھی نوازا جاچکا ہے۔

نادیہ خان کا صائمہ اور گل علی کی میں منوئیہیں ہوں کی اداکاری پر طنز

نادیہ خان نے کرداروں کے کمزور ڈائیلاگ پر نکھاری طلیل الرحمٰن قمر کو بھی آڑے ہاتھوں لیا

لاہور (این این آئی) اداکارہ، ٹی وی میزبان اور ڈراما بصیرت نادیہ خان نے میں منوئیہیں ہوں ڈرامے میں صائمہ نور اور گل علی کی ڈائلاگ ڈلیوری پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ نکھاری کو اس طرح ڈائلاگ نہیں لکھنے چاہیے تھے۔ میں منوئیہیں ہوں کو گزشتہ چند ہفتوں سے اے آر وائے پر ٹیلیکاسٹ کیا جارہا ہے اور شائقین کی جانب سے ڈرامے کی کہانی اور کرداروں کو خوب پسند کیا جارہا ہے۔ ڈرامے میں گل علی نے صائمہ نور کی بھتیجی کا کردار ادا کیا ہے جب کہ ہمایوں سعید اور صنم سعید نے یونیورسٹی اساتذہ کا کردار ادا کیا ہے۔ ڈرامے میں جہاں استاد اور شاگرد کے درمیان رومانوی جذبوں پر بحث کی وجہ سے اس پر تنقید کی گئی وہیں اس میں صائمہ نور اور گل علی کی پھوپھو اور چچی کی جوڑی کی تعریفیں بھی کی گئی تھیں۔ تاہم اب نادیہ خان نے دونوں کے کرداروں پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں کردار کمزور ڈائلاگ بولتے دکھائی دیتے ہیں۔ نادیہ خان نے گل علی اور صائمہ نور کے کرداروں پر طنز کرتے ہوئے خصوصی انداز میں کہا کہ گل علی اپنی پھوپھو کو بہتی ہیں کہ اویہیں مانیں گے تو صائمہ انہیں کہتی ہیں کہ تو منافق ہے۔ نادیہ خان نے گل علی اور صائمہ نور کے کرداروں کے کمزور ڈائلاگ پر نکھاری طلیل الرحمٰن قمر کو بھی آڑے ہاتھوں لیا، نام انہوں نے ان کا نام نہیں لیا۔

درفشاں سلیم نے بلال عباس سے نکاح کی خبروں پر پہلی بار خاموشی توڑ دی

آپ کو اپنے ساتھی فنکار کے ساتھ آسودہ ہونا ضروری ہے، اداکارہ درفشاں سلیم

سے لوگوں کو پسند آئی۔

کراچی (این این آئی) پاکستان کی مایہ ناز اداکارہ درفشاں سلیم نے ساتھی فنکار بلال عباس کے ہمراہ تعلقات اور نکاح سے متعلق افواہوں پر پہلی بار لب کشائی کی ہے۔ درفشاں نے حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران اس معاملے پر اظہار خیال کیا اور ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ آپ کو اپنے ساتھی فنکار کے ساتھ آسودہ ہونا ضروری ہے، بالخصوص جب آپ رومانوی ڈرامہ کر رہے ہوں تو یہ ضروری ہے کہ آپ دونوں ایک ساتھ اچھا محسوس کریں۔ درفشاں نے کہا اس سے یہ ہوتا ہے کہ اسکرین پر آپ کی کیمسٹری دکھائی دیتی ہے، میرا اور بلال عباس کا تعلق ایسا ہی تھا جس کی وجہ سے ہماری آن اسکرین جوڑی پسند کی گئی۔

سید محمد ساطی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر تحصیل وضلع مری

اشتہار برائے نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سید محمد حسین ساطی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر تحصیل وضلع مری درج ذیل اشیاء جن کی تفصیل شرائط نامہ درج ہیں کا نیلام عام مورخہ 23-02-2025 کو صبح 10:00 بجے سید محمد حسین ساطی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر میں جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر ہوگا۔ جس کے لیے شرائط اور تفصیل سامان بحوض -/1000 روپے ناقابل واپسی فی لاٹ دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے مورخہ 08-02-2025 تک دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

1- متفرق اشیاء (لوہا)، 2- متفرق اشیاء (مشینیں ناکارہ)، 3- متفرق اشیاء (پلاسٹک)، 4- لکڑی (جیل، توت وغیرہ)

شرائط:

1- تمام بولیاں بنڈلفانے میں مورخہ 23/08/2025 صبح 10:00 بجے تک وصول کی جائیں گی جو کہ اسی دن 11:00 بجے حاضر بولی دہندگان کے سامنے کھولی جائیں گی۔ سب سے زیادہ بولی کا ریٹ بھرنے والا کامیاب ہوگا۔

2- مبلغ 10000 روپے کا ل ڈیپازٹ فی لاٹ بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سید محمد حسین ساطی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر جمع کرانی ہوگی۔

3- کامیاب بولی دہندہ کو اس دن نیلام شدہ سامان کی کل رقم کا نصف حصہ موقع پر ہی نقد جمع کرانا ہوگا۔

4- کامیاب بولی دہندگان کو نیلام شدہ سامان کی پوری قیمت بمع ٹیکس ادا کر کے دو دن کے اندر اٹھانا ہوگا۔

5- پوری رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی۔

6- جمع شدہ کال ڈیپازٹ پوری رقم ادا کرنے پر واپس کی جائے گی۔

7- نیلام عام کے لیے محکمہ ہذا کی نیلام کمیٹی عمل با اختیار ہوگی جو تمام ٹینڈر بغیر کوئی وجہ نامنظور مسترد کر سکتے ہیں نیلام کمیٹی فیصلہ حتمی ہوگا اور کمیٹی کے فیصلہ کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہ کی جاسکے گی۔

8- کسی متنازعہ امر میں چیئرمین نیلام کمیٹی کا فیصلہ ہی حتمی ہوگا۔

انچارج ڈاکٹر قیصر محمود عباسی (میڈیکل سپرنٹنڈنٹ)
سید محمد ساطی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر

IPL-4010

مزید معلومات و رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن نمبر 0800-09100 پر رابطہ کریں
پنجاب ہاؤسنگ & ٹاؤن پلاننگ ایجنسی، حکومت پنجاب
PHATA پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی
اپنی چھت اپنا گھر
Apni Chhat Apna Ghar Program
/apni_chhat_apna_ghar
/@apni_chhat_apna_ghar
/apni-chhat-apna-ghar

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ABC WWW.
خاکہ اتصال: نیلہ انٹرسیکشن، بیکایہ کیفے، فیصل چوک

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و راشی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

آئیکونیک ریکن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 11 اگست 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد ہائیٹ الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق پیسر شوری ہسپتال، پیسر سیکٹر، پیسر فارمز، پیسر ایف ایم ٹاور، پیسر ایم ایم ٹاور، پیسر ایم ایم ٹاور ایکسٹینشن، ڈی ویلپمنٹ ایکسٹینشن، ایم ایف آر سی، ایم ایف آر سی ایکسٹینشن، ایم ایف آر سی ایکسٹینشن، ایم ایف آر سی ایکسٹینشن

پنجاب حکومت کا مہرباں محفوظ روش پنجاب منصوبے کا آغاز

انسداد دہشتگردی فورس کو ہتھیار اور ہائی ٹیک آلات فراہم کیے جائینگے، فورس کو خصوصی کمانڈو اور انٹیلی جنس ٹریننگ دی جائیگی

حساس علاقوں کی نگرانی کیلئے جدید ڈرون سسٹم اور سرویلنس ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی. 19 ارب روپے کی منظوری دیدی گئی

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت نے مہرباں محفوظ روش پنجاب منصوبہ شروع کر دیا ہے جس کا مقصد عوامی مقامات اور عمارات کا ہمیں میں روشنی کے مؤثر انتظامات کے ذریعے سیکورٹی دی جانے سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔منصوبے میں انسداد دہشتگردی فورس کو ہتھیار اور ہائی ٹیک آلات فراہم کیے جائینگے،فورس کو خصوصی کمانڈو اور انٹیلی جنس ٹریننگ دی جائے گی۔ منصوبے کے تحت فورس کی پرسپاس ٹائم کم اور آپریشنز کی کامیابی (بقیہ نمبر 1 ص 3)

محکمہ صحت میں ایئر کنڈیشنرز کی خریداری میں سنگین بے قاعدگیوں کا انکشاف

پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے ٹینڈرز میں شرائط رکھ کر صرف ایک فرم کو فائدہ پہنچایا

لاہور(این این آئی)محکمہ صحت میں 400 ایئر کنڈیشنر شرز کی خریداری میں بے ایئر کنڈیشنرز کی خریداری میں سنگین بے قاعدگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔فنی ڈی ٹی ای آڈٹ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے ٹینڈرز میں شرائط رکھ کر ایک فرم کو فائدہ پہنچایا، محکمہ صحت (بقیہ نمبر 2 ص 3)

لاہور: شہری موسلا دھار بارش میں منزل کی جانب گامزن ہیں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان سمیت 47 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری موثر کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان سمیت 47 جرائم پیشہ عناصر گرفتار،ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد،گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج،مزید تفتیش جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر (بقیہ نمبر 3 ص 5)

سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کا اعلان

جن سکولوں میں بچوں کی تعداد 100 سے کم ہوگی انہیں آؤٹ سورس کیا جائے گا

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت نے سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے تیسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا اعلان کر دیا،جن سکولوں میں بچوں کی تعداد 100 سے کم ہوگی انہیں آؤٹ سورس کیا جائے گا۔وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کے تیسرے مرحلے کا آغاز کرنے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیک (بقیہ نمبر 6 ص 3)

اسلام آباد: پاکستان کے قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ، سابق وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

مالی بے ضابطگی میں ملوث افسران پر پیڈا ایکٹ لگانے کا فیصلہ

ایک آڈٹ پیرے پر ایک گھنٹہ لگا سکتے ہیں نہ کاغذوں کے پلندے اٹھائے پھر سکتے ہیں،چیئرمین پی اے سی تھری

ایک ہی نوعیت کی مالی بے ضابطگی کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں زیر بحث لانے کی بجائے سرکاری افسران کے خلاف فوری کارروائی ہوگی

لاہور(این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری احمد اقبال نے سرکاری افسران کے احتساب کے لئے بڑا اعلان کیا ہے،ایک ہی نوعیت کی دوبارہ مالی بے ضابطگی میں ملوث افسران پر پیڈا ایکٹ لگانے کا فیصلہ کر لیا گیا جبکہ سرکاری افسران کے خلاف فوری کارروائی ہوگی ،چیئرمین پی اے (بقیہ نمبر 8 ص 3)

پولیس کی اجازت کے بغیر جائے وقوعہ سے لاش اٹھانا ممنوعہ قرار

لاش کی حفاظ سے کرائم سین خراب ہو جاتا ہے اور تحقیقات میں رکاوٹ آتی ہے،سی پی او آفس

کراچی(این این آئی) سی پی او آفس نے تمام پولیس افسران کو ہدایت دی ہے کہ اب پولیس کی اجازت کے بغیر جائے وقوعہ سے کوئی لاش نہیں اٹھائی جائے گی۔سندھ پولیس کے تمام اہلکاروں کو احکامات جاری کیے گئے ہیں کہ اب کوئی بھی قلاقی ادارہ جائے حادثہ یا جائے وقوعہ سے پولیس سین سے نہیں اٹھائے گا۔

سابق وزیراعظم پنجاب میاں عزہ شہباز شریف سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الظفر کی ملاقات کر رہے ہیں

معیشت کو دستاویزی شکل دینے کیلئے سخت سیلز ٹیکس قوانین تیار

سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کو ٹیکس افسر کو کاروباری احاطے اور ریکارڈ تک رسائی دینا ہوگی

کراچی(این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے مشن کے تحت سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کے لیے سخت قوانین تیار کر لیے ہیں۔ نئے قوانین کے مطابق پوائنٹ آف سیل کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم سے منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کاروباری مقامات کی نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے جبکہ بینک کارڈ مشینیں اور آن لائن کاروبار کو بھی ایف بی آر کے سسٹم سے لنک کرنا ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق الیکٹرک رسیدوں کا (بقیہ نمبر 5 ص 4)

دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو کمزور نہیں کرسکتیں

سیکورٹی کلیئرنس ملنے پر ٹرین آپریشن شروع کیا جائیگا، ریلوے ترجمان

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے تحصیل وشت میں سیکورٹی کے مقام پر ریلوے ٹریک پر دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو کمزور نہیں کرسکتیں۔علاوہ ازیں ریلوے ترجمان اور لیویز حکام کے مطابق مستونگ، تحصیل وشت میں سیکورٹی کے مقام پر ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں ایک پیسنجر ٹرین کا انجن اور 5 بوگیاں ڈی ریل ہو گئے ۔لیویز حکام کے (بقیہ نمبر 6 ص 3)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ایک مخصوص موٹر سائیکل پر ہیلمٹ فروخت کرنے کے لئے جا رہا ہے

لیگنگ ریپ میں ملوث 2 ملزم مبینہ مقابلے میں ہلاک، سب انسپکٹر شدید زخمی

لاہور(این این آئی)لاہور میں کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ سے فائرنگ کے مبینہ تبادلے کے دوران 13 سالہ بچی کا اغوا اور گینگ ریپ کرنے والے 2 ملزمان ہلاک ہو گئے جبکہ انسپکٹر شدید زخمی ہو گیا۔سی سی ڈی کے مطابق ملزمان نے 2 روز قبل ماڈل ٹاؤن سے لیڈی ڈاکٹر کی 13 سالہ بچی کو اغوا کر کے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔سی سی ڈی (بقیہ نمبر 3 ص 3)

یوم آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات کیلئے مارگلہ ٹریلز بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی) یوم آزادی اور معرکہ حق کی تقریبات کے باعث مارگلہ ٹریلز بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ضلعی انتظامیہ نے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق 12 اور 13 اگست کی رات اسلام آباد کی چار ٹریلز شہریوں کے لئے بند رہیں گے،ٹریل 2،3 اور 5 عام شہریوں کے لئے مکمل طور پر بند رکھے جائیں گے ٹریلز کو بند کرنے کا فیصلہ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر کیا گیا۔یاد رہے کہ یوم (بقیہ نمبر 4 ص 3)

باراتیوں کی گاڑی کھائی میں گرنے سے 4 افراد جاں بحق، 9 زخمی

مظفر آباد(این این آئی) مظفر آباد کے تھانہ ڈی حدود میں گزشتہ رات باراتیوں کی گاڑی کھائی میں گرنے سے جاں بحق افراد کی تعداد 4 ہوگئی، جبکہ حادثے میں 9 افراد زخمی ہیں۔پولیس کے مطابق ضلع باغ کے علاقہ مختگٹ سے مظفر آباد کے علاقہ ڈنہ جانے والی باراتیوں کی ایک گاڑی پونچھی کے مقام پر گاڑی کھائی میں جا گری جس کے نتیجہ میں ایک خاتون (بقیہ نمبر 7 ص 3)

آئی جی اسلام آباد کا یوم آزادی پر موثر ٹریفک انتظامات کا حکم

13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریبات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی پولیس سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اجلاس میں 13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریبات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار کیا گیا۔اجلاس میں شہریوں کے لیے متبادل راستوں کی فراہمی، غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ اور عوامی آگاہی مہم میں تیزی لانے کے اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ آئی جی نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 2 ص 3)

ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک گروہ کے پانچ ارکان گرفتار

قبضہ سے چھینی نقدی اور واردا تو ں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد(این این آئی) ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کرلیا گیا ، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی نقدی اور وارداوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد،ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔تفصیلات کے مطابق بنی اسلام آباد پولیس قبائلہ کے ڈکیتی اور اغزی کی متعدد وارداوں (بقیہ نمبر 3 ص 4)

لاہور: سیکرٹری جاس کنٹرول اینڈ موڈیفیکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ لاہور کے شہریوں کے لئے سہولت بازار کے قیام کیلئے جگہ کا معائنہ کر رہے ہیں

بھٹائی ایجنڈا عوامی مسائل کی بہتری کے لیے اہم اجلاس

صدر احسان علی ملک اور جنرل سیکریٹری سید رشید احمد شاہ کی قیادت میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی

میڈیا ونگ کے مطابق صدر احسان علی ملک اور جنرل سیکریٹری سید رشید احمد شاہ کی قیادت میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں بھٹائی ایجنڈا عوامی مسائل میں ساتھ دینا، لاچار لوگوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا تھا۔ اجلاس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ بھٹائی پریس کلب ہمیشہ مظلوموں کا ساتھ دے گا اور شہر کے مسائل اجاگر کیا جائے گا۔

6 ملزمان گرفتار، 55 لیٹر شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

شراب، ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے دو مختلف کوٹر گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ایک ملزمان کو گرفتار کر کے 55 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب برآمد کی، کوہ جرمان میں دو مختلف کوٹر گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا۔

قلعہ سیف اللہ کے تعلق رکھنے والے طالب علم اکرام اللہ، وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات مصافحہ کر رہے ہیں

معیشت کو دستاویزی شکل دینے کیلئے سخت سیلز ٹیکس قوانین تیار

سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کو ٹیکس افسر کو کاروباری احاطے اور ریکارڈ تک رسائی دینا ہوگی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے مشن کے تحت سیلز ٹیکس رجسٹرڈ افراد کے لیے سخت قوانین تیار کر لیے ہیں۔ نئے قوانین کے مطابق پوائنٹ آف سیل کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم سے منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کاروباری مقامات کی نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے جبکہ بینک کارڈ مشینیں اور آن لائن کاروبار کو بھی ایف بی آر کے سسٹم سے منسلک کرنا ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق الیکٹرک رسیدوں کا (بقیہ نمبر 5 ص 4)

غزہ میں غذائی قلت سے اموات 200 سے زیادہ ہوگئیں

غزہ (این این آئی) غزہ میں بھوک کی شدت سے مزید 11 فلسطینی انتقال کر گئے، قلتِ غذا سے اموات 200 سے زیادہ ہوگئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی حملوں میں مزید 30 فلسطینی شہید ہوگئے۔ دوسری جانب اسرائیلی نیٹ غزہ کے بارڈر پر پہنچنا شروع ہو گئے ہیں۔

"آزادی ایک نعمت ہے" کے عنوان سے تقریری مقابلہ 14 اگست کو ہوگا

بسلسلہ جشن آزادی تقریری مقابلہ جات میں علاقہ بھر سے سکولز و اکیڈمیز اور مدارس کے طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت متوقع

پریس کلب حبیب آباد کی یکا وش نسل نو کو پاکستان کی تاریخ اور آزادی کی اہمیت سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرے گی

حبیب آباد(رشید اعظیم)، پریس کلب حبیب آباد کے زیر اہتمام آزادی ایک نعمت ہے کے عنوان سے 14 اگست کو تقریری مقابلہ منعقد ہو گا۔ بسلسلہ جشن آزادی تقریری مقابلہ جات میں علاقہ بھر سے سکولز و اکیڈمیز اور مدارس کے طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت متوقع۔ پریس کلب حبیب آباد کی یکا وش نسل نو کو پاکستان کی تاریخ اور آزادی کی اہمیت سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرے (بقیہ نمبر 7 ص 4)

آئی جی اسلام آباد کا یوم آزادی پر موثر ٹریفک انتظامات کا حکم

13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریرات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی پولیس سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اجلاس میں 13 اور 14 اگست کو یوم آزادی تقریرات کے دوران موثر ٹریفک مینجمنٹ کا پلان تیار کیا گیا۔ اجلاس میں شہریوں کے لیے متبادل راستوں کی فراہمی، غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ اور عوامی آگاہی مہم میں تیزی لانے کے اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ آئی جی نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 2 ص 3)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے پولیس افسران الرٹ کھڑے ہیں

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے،راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کئے گئے،راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد (بقیہ نمبر 9 ص 4)

بھارتی ایئر چیف کی بھونڈی کوشش نے رہی سہی ساکھ بھی مٹی میں ملا دی

3 ماہ کے بعد بھارتی ایئر چیف خواب خرگوش سے جاگ اٹھے،، خواجہ آصف

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارتی ایئر چیف کی پاکستانی لڑاکا طیارے جاگ کر نے کے جھوٹے دعوے کو مودی کو شمشان گھاٹ میں جلی اور راکھ ہوئی سیاست کو گاؤں کے نوجوان نذیر (بقیہ نمبر 5 ص 3) زندہ کرنے کی ناکام کوشش قرار دیدیا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ 3 ماہ کے بعد بھارتی ایئر چیف خواب خرگوش سے جاگ اٹھے،خیال آگیا کہ انہوں نے پاکستانی طیارے تباہ کیے۔انہوں نے (بقیہ نمبر 1 ص 5)

پارلیمان عوام کی امنگوں کا ترجمان ہے، چیئرمین سینیٹ

آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اقدار کا فروغ، پارلیمانی نظام کا تسلسل پاکستان کی ترقی، استحکام کی بنیاد ہیں، یوسف رضا گیلانی

جب تک آئینی ادارے مضبوط، بااختیار اور فعال نہیں ہوں گے، ملکی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، چیئرمین سینیٹ

کرشمل مارکیٹ مری روڈ انکلاعبہ کی جانب سے شیئر خوبصورت بنانے کیلئے راہ رودری کے ماڈل کی تیار جاری ہے

اسلام آباد(این این آئی)چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ آئین کی حکمرانی، جمہوریت کا تسلسل اور پارلیمانی نظام کی مضبوطی ہی قومی یکجہتی، پائیدار ترقی اور خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے قیام کی 78 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 10 اگست 1947 کو دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس محض ایک تاریخی واقعہ نہیں بلکہ بانیانِ پاکستان کی بصیرت، جمہوری سوچ اور عوامی خواہشات کی عملی تعبیر تھا۔(بقیہ نمبر 2 ص 5)

ٹوبہ ٹیک سنگھ، جائلنٹس کی بیسٹس کی ٹانگیں توڑنے والے تین ملزمان گرفتار

ٹوبہ ٹیک سنگھ(این این آئی)، پنجاب کے شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جائلنٹس نے بیسٹس کی ٹانگیں توڑ دیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ موضع کمیری شیر دو آنہ میں پیش آیا جہاں دو گروپوں میں معمولی تنازع پر بیسٹس کو قتد کا نشانہ بنایا گیا اور جائلنٹس نے بیسٹس کی ٹانگیں توڑ دیں۔ پولیس کے مطابق مقدمہ درج کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 04 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 04 افراد گرفتار کر لیا گیا جن کے قبضے سے 0 کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 0 کلو 68 گرام چرس برآمد کی، قصر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 0 کلو 22 گرام چرس برآمد کی، صدر دواہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 0 کلو 60 گرام چرس برآمد کی، کیملا پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 0 کلو 55 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

سرکاری حج سکیم 2026 کیلئے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل

اخراجات کی پہلی قسط کے ساتھ درخواستوں کی وصولی 11 تا 16 اگست جاری رہے گی

اسلام آباد(این این آئی) سرکاری حج سکیم 2026 کے لیے درخواستوں کی وصولی کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق آن لائن پورٹل اور نامزد بینکوں میں حج درخواستوں کی تعداد 71 ہزار سے تجاوز کر گئی۔انہوں نے کہا کہ اخراجات کی پہلی قسط کے ساتھ درخواستوں کی وصولی 11 تا 16 اگست جاری رہے گی، دوسرے مرحلے میں غیر رجسٹرڈ عازمین حج بھی درخواست جمع کرا سکیں گے۔ترجمان مذہبی (بقیہ نمبر 4 ص 5)

بھرتی مہکار پیڈ فریک اسٹی نیوٹ میں کھڑی پرتالین تیار کر رہے ہیں، واضح رہے پہلے تالینوں کی 41 ویں مالی نمائش رواں سال اکتوبر میں منعقد ہوگی

PID(I) 1228-D/25